# ہنسیئے کھیلئے

حصہ دوم

## درجۂ اول

(درجۂ اول کے لیے زبان، ریاضی اور ماحولیاتی مطالعے سے ہم آہنگ درسی اور علمی کتاب)

U8IH8X

# ହସଖେଳ

(ଦ୍ୱିତୀୟ ଭାଗ)

## ପ୍ରଥମ ଶ୍ରେଣୀ

(ଭାଷା, ଗଣିତ ଓ ପରିବେଶ ଅଧ୍ୟୟନର ସମନ୍ୱିତ ପାଠ୍ୟପୁସ୍ତକ ଓ କାର୍ଯ୍ୟପୁସ୍ତକ)

اڈیشا اسکول تعلیمی پروگرام اتھاریٹی،
بھوبنیشور

محکمۂ تعلیم اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم،
اڈیشا، بھوبنیشور

# ہنسیئے کھیلئے

حصہ دوم

## درجۂ اول

ترتیب و تدوین: اردو نصابی ورکشاپ

کوآرڈی نیٹر : ڈاکٹر تلوتّما سیناپتی
ڈاکٹر سبیتا ساہو

ناشر : محکمۂ اسکول و تعلیمِ عامّہ، اڈیشا سرکار

سن اشاعت : 2010
2019

ترتیب : محکمۂ تعلیمِ اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور
اور
ادارۂ نشر واشاعت برائے کتبِ تعلیم وتدریس صوبۂ اڈیشا، بھوبنیشور

مکتبہ : درسی کتاب چھپائی وفروخت، بھوبنیشور

# اس کتاب کے بارے میں

ابتدائی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کے لیے اڈیشا سرکار اور سرو شکشا ابھیجان کے ذریعے لیے گیے مختلف اقدامات میں سے نصابی کتابوں کی تجدید ایک اہم کوشش ہے۔ روایتی قسم کے موضوع پر مشتمل کتاب کے مطالعے سے باہر نکل کر حصول تعلیم کے باب میں طلبا کی عملی طور پر شرکت ہی قومی نصابِ تعلیم ۲۰۰۵ء کا اہم مقصد ہے۔ "ہنسیے، کھیلیے" نامی پہلی جماعت کی کتاب کا یہ ایڈیشن مذکورہ نصابِ تعلیم کی اساس پر منتج ہے۔ اب اس کتاب کو زیادہ پرلطف اور دلکش بنانے کے لیے موضوعات کے تعلق سے نقشے دیے گیے ہیں۔ بچوں کے ازخود علم حاصل کرنے کے لیے مختلف قسم کی مشق کے طریقے اس کتاب میں شامل کیے گیے ہیں۔ اس لیے اس نصابی کتاب کو بچوں کے لیے مشقی کتاب (Work Book) اور استادوں کے لیے ہینڈ بک (Teacher's Hand Book) کے طور پر استعمال کیا جا سکے گا۔ اس میں شامل نقشوں اور مشقوں کے توسط سے زبان، حساب اور ماحولیات تینوں شعبوں میں سیکھنے سکھانے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ بچے نقشے دیکھ کر بات چیت کرنا (زبان کی تعلیم) تصویروں کے ذریعہ جانے پہچانے جانور، پھول، پھل، پیڑ، پتے، سامان وغیرہ گننا اور ان کی شکل کا موازنہ کرنا (ریاضی کی تعلیم) نیز نقشوں میں دیے گیے پیڑ پودوں، جانوروں اور مختلف اشیا کے بارے میں (ماحولیات کی تعلیم) اپنی معلومات میں خاصا اضافہ کر سکیں گے۔

امید ہے کہ یہ کتاب بچوں کو پسند آیے گی اور وہ لوگ خود بخود اس کے اوراق الٹنے لگیں گے۔ اس کتاب میں اساتذہ اور والدین کے لیے بھی معاون اشاریہ شامل ہے۔ توقع ہے کہ اساتذہ اور والدین بھی اس کتاب کو پسند کریں گے۔

کوئی بھی نصابی کتاب بذات خود مکمل ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ مختلف قسم کے تجربوں اور مشوروں کی بنا پر نصابی کتاب تیار کی جاتی ہے۔ بچوں کے لیے یہ کس قدر قابل قبول ہوتی ہے اور درس وتدریس میں یہ کس حد تک معاون ثابت ہوتی ہے ان باتوں سے آگاہ ہو کر آئندہ ایڈیشن میں مناسب تبدیلیاں لانے کا انتظام کیا جایے گا۔

اس کتاب میں اگر کتابت یا نفس مضمون کے تعلق سے کوئی خامی نظر آیے تو اس کی نشان دہی فرمایے تا کہ اس کی تصحیح کی بابت آئندہ غور کیا جا سکے۔ اس تحریر کے ذریعے ہم اساتذہ کرام کو متنبہ کرنا چاہیں گے کہ زیرِ نظر نصابی کتاب کو وہ ایک اشاراتی کتاب کے طور پر قبول کریں۔ اس کتاب میں شامل شدہ مختلف مشقوں کی بنا پر اسکولوں کے اندر اور اسکولوں سے باہر اور بھی بہت سی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔

لہذا اساتذہ حضرات کی معلومات کو مدنظر رکھتے ہویے مقامی بولیوں سے مثالیں دیتے ہویے اور اپنے ماحول سے مختلف سامان کو یکجا کرتے ہویے موضوع ومواد کو مزید دل پذیر بنانے کی کوشش کریں۔

مجلسِ اِدارَت

# فہرست


| نمبر شمار | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۔ | دل بدلا | 1 |
| ۲۔ | چالاک بندر | 6 |
| ۳۔ | گایے کی تلاش | 13 |
| ۴۔ | چنداماما | 15 |
| ۵۔ | برسات | 19 |
| ۶۔ | کیلے کھانے کا مزہ | 24 |
| ۷۔ | چوہا راجا | 28 |
| ۸۔ | بھاگو بھاگو، زمین پھٹ گئی ہے | 30 |
| ۹۔ | کرکٹ کا کھیل | 34 |
| ۱۰۔ | بگلا اور گیدڑ | 39 |
| ۱۱۔ | اتنا بڑا! | 42 |
| ۱۲۔ | بلی کی پریشانی | 45 |
| ۱۳۔ | مینڈک کی رانی | 49 |
| ۱۴۔ | پنجرے کے اندر توتا | 52 |
| ۱۵۔ | دوڑ دھما دھم | 54 |

سبق: ۱۴

# دل بدلا

پھاگن کا مہینہ۔ جنگل پھولوں اور پھلوں سے بھرا ہوا تھا۔ ایک شکاری تیر اور کمان لیے جنگل میں داخل ہوا۔ گھومتے گھومتے تھک گیا۔ اسے کوئی شکار نہیں ملا۔ اُسے بہت پیاس لگی۔ بدن ہاتھ تھرنے لگا۔ آم کے درخت کے نیچے گر پڑا۔





شکاری کو دیکھ کر ہاتھی کے دل میں رحم آیا۔ پانی لاکر اس کے سارے بدن پر چھڑ کنے لگا۔ شکاری کو ہوش آ گیا۔ اس نے ہاتھی کی طرف دیکھا۔ ہاتھی کو دیکھ کر اس کا دل بدل گیا۔ اس نے تیر اور کمان کو پھینک دیا۔



# مشق

ا۔










چھوٹے دائروں میں دیے ہوئے حروف جن الفاظ میں ہوں انہیں لکیر کھینچ کر ملائیے۔

۲۔

| | |
|---|---|
| ۹ بچے |  |
| ۸ بچے |  |
| ۷ بچے |  |
| ۶ بچے |  |
| ۵ بچے |  |
| ۴ بچے |  |
| ۳ بچے |  |
| ۲ بچے |  |
| ۱ بچہ |  |

کیسے لکھیں گے:

۹ بچوں میں سے ایک بچہ کم ہو جانے کے بعد ۸ بچے رہے۔

۸ بچے = ۱ بچہ - ۹ بچے

اس طرح ۹-۱=۸

## ۳۔ خالی خانوں میں عدد لکھیے

عدد سنترے ☐ =  ۱عدد۔  ۷عدد

عدد شریفے ☐ =  ۱عدد۔  ۵ عدد

عدد قلم ☐ =  ۱عدد۔  عدد

## ۴۔ اس طرح لکھیے:

ش ش

تھ تھ

پھ پھ

سبق: ۱۵

# چالاک بندر



ایک بندر باغ میں گھُسا۔ مزے لے لے کر پھل کھانے لگا۔
بچے گھر میں بیٹھ کر دیکھتے رہے۔ بندر پھل کھا کر باغ سے چلا گیا۔

# مشق

۱۔ نیچے بنے ہوئے خانوں کے جن الفاظ میں ''کھ'' یا ''گھ'' کا استعمال ہوا ہے ان کو لکیر کے ذریعہ بیچ میں دیے ہوئے دائرے سے ملایئے۔




۲۔ تصویر دیکھ کر ان کے نام لکھیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |







۳۔




بلی کی تصویر کے اوپر کے حصے میں جو دائرے ہیں ان
میں ایک ایک حرف لکھ کر بلی کی تصویر کے اندر جو مرکب لفظ ہے
اس کے ساتھ ملا کر لفظ بنائیے اور نیچے کے خانوں میں لکھیے
اسی طرح لفظ لکھتے جائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | دکھ | | |

۴۔ سکّے کی تصویر



# برابر مقدار کے سکوں سے نوٹ کی طرف لکیر کھینچیے :
























۵۔ آیئے! کھلونے خریدیں:

(الف) کتنے روپے ادا کرنے پر ایک بلی اور ایک بطخ خریدی جا سکتی ہیں؟

(ب) ایک توتا اور ایک بطخ خریدنے پر کتنے روپے ادا کرنے ہوں گے؟

(ج) ایک چوہا اور ایک چھپکلی کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

(د) ایک بلی اور ایک چوہا خریدنے پر کتنے روپے ادا کرنے ہوں گے؟



٦۔



دوسرا　　　　پہلا

(الف) پہلے درخت کے آموں کی تعداد + دوسرے درخت کے آموں کی تعداد =

(ب) دوسرے درخت کے آموں کی تعداد + درخت کے نیچے گرے ہوئے آموں کی تعداد =

(ج) ۹ - ۵ = ______

(د) ۱۵ - ۴ = ______

(ہ) ۱۷ - ۶ = ______

۷۔ آموں میں رنگ بھریے:



۸۔ نیچے دیے گیے چہرے کے مختلف حصوں کے نام لکھیے۔



سبق :١٦

# گایے کی تلاش

نانا اور نانی نے ایک گایے کو پال رکھا تھا۔ایک دن نانی نے گایے کی رسّی کھول دی ۔گایے ندی کے کنارے چرنے گئی۔ بارش ہونے لگی۔ سیلاب آیا۔گایے واپس نہیں آسکی۔گایے واپس نہ آنے پر نانا،نانی پر خفا ہوگیے۔نانا اور نانی مل کر گایے کی تلاش میں نکلے۔

U9BJDV



# مشق

ا۔




اوپر دیے ہویے راستے کی تصویر میں جو الفاظ لکھے ہویے ہیں ان میں جہاں جہاں ''الف'' ہوں اس کو دائرے میں لکھے ہویے ''ا'' سے لکیر کے ذریعے ملایئے۔



۲۔ نانا کی لاٹھی سے راستے کے اخیر تک لکیر کھینچتے جایئے۔

سبق:۱۷

# چندا ماما

چندا ماما چندا ماما
ہم بچوں کے پیارے ماما

تم ہو کتنے اچھے ماما
سارے جگ سے پیارے ماما

اُجلا اُجلا روپ تمہارا
آؤ چندا ماما آؤ

سندر سندر پیارا پیارا
ضدّی کلّو کو بہلاؤ

پیارے پیارے ماما آؤ
نئے کھلونے لے کر آؤ

اچھے اچھے ماما آؤ
کھیل انوکھے لے کر آؤ

U9KFFI



# مشق

تصویر دیکھ کر پڑھیے



مچھلی



بلّی



نیولا



بڑھئی



چڑیا



ناریل

ا۔ نیچے دی گئی خالی جگہوں کو مناسب حروف سے بھریے۔

(الف) ا | _ | ک    ک | یے | _

(ب) کھ | _ | ل    ت | یے | _    گ | _ | یے

(ج) ر | ا | ن | _



م | ر | غ | _



م | و | ل | _



## ۲۔ حروف کو ملا کر پڑھیے اور لکھیے




## ۳۔ حرف ''ی'' کو ملا کر پڑھیے اور لکھیے:



۴۔ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے الفاظ کو تصویروں سے ملائیے اور تصویر سے متعلق اس لفظ کو ملا کر جملہ کہیے۔

مٹی 

لکڑی 

جال 

صابن 

بانس 

۵۔آئیے ملا کر دیکھیں:

 +  = ۱۰ + ۸ = ۱۸

 +  = ۱۲ + ☐ = ☐

 +  = ☐ + ☐ = ☐

 +  = ☐ + ☐ = ☐

 +  = ☐ + ☐ = ☐

سبق ۱۸:

# برسات



کئی دنوں سے برسات نہیں ہوئی تھی، ندی، نالے، تالاب وغیرہ سوکھ گیے تھے۔ خرگوش، کویل، فاختہ، مینڈک، مینڈکی، کتّا، کوّا، کبوتر اور لومڑی پانی کے لیے تڑپ رہے تھے۔ پیاس سے ہونٹ اور زبان سوکھ رہے تھے۔ بے قرار ہو کر ان میں سے کوّا، گیدڑ اور منڈکی نے گانا شروع کیا۔



گانے لگے:

کوّا بولا کا کا کا
برکھا رانی آ آ آ

گیدڑ بولا ہو کی ہو
برکھا رانی دیکھ ہم کو

مینڈکی رانی ٹرٹر بولی
رم جھم رم جھم بارش برسی

# مشق

ا۔ جن الفاظ میں ''و'' کا استعمال ہوا ہے، ان کو لکیر کھینچ کر ''و'' سے ملائیے۔




۲۔ نیچے دیے گیے جن الفاظ میں ''و'' کا استعمال ہوا ہے، انھیں لکیر کے ذریعے آپس میں جوڑیے۔

خواجہ
عورت



خواب
جانور
خواہش
اتوار
مور

[ہدایت: استاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ بچوں کو ''و'' اور ''و'' معدولہ کے فرق کو تلفظ کے ساتھ بتائیں]

۳۔ تصویر کو ملا کر جملے بنائیے:





★ بھونکتا ہے۔

★ کائیں کائیں کرتا ہے۔

★ ہوکی ہو کرتا ہے۔

(الف) کس نے سب سے پہلے گانا گایا؟

(ب) آخر میں کس نے گایا؟

(ج) درمیان میں کس جانور نے گیت گایا؟

۴۔ کہیے:











پہلے کون؟ درمیان میں کون؟ کس سے پہلے کون؟

کس کے بعد کون؟

۵۔خالی خانوں میں پہلے اور بعد کے عدد لکھیے۔

| | |
|---|---|
| ۳ | ۴ |
| ۲ | |
| | ۷ |
| ۸ | |
| | ۸ |
| | ۶ |
| ۶ | |
| ۷ | |

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۳ | ۴ |
| ۶ | ۷ | |
| ۴ | ۵ | |
| | ۸ | ۹ |
| ۱ | ۲ | |
| | ۴ | ۵ |
| | ۷ | |
| ۵ | ۶ | |

۶۔ برسات میں استعمال ہونے والی چیزوں کو درمیان میں دی گئی بارش کی تصویر سے جوڑیے۔










سبق ۱۹:

# کیلے کھانے کا مزہ



ایک بندر اور ایک ہاتھی کیلے کھانے کے لیے نکلے۔ ہاتھی آگے اور بندر پیچھے چل رہا تھا۔ کیلے کے پیڑ کے قریب ایک خندق تھی۔ خندق کے سامنے ہاتھی اپنا سونڈ اٹھا کر کھڑا ہو گیا۔ بندر سونڈ پر بیٹھ کر کیلے لایا۔ دونوں کیلے کھا کر خوشی سے گھر لوٹ گیے۔

# مشق

ا۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیے:



اونٹ



چاند



گیند



سانپ




اوپر کی تصویروں کے جن خانوں میں ''نون غنہ'' کا استعمال ہوا ہے ان پنکھڑیوں پر پیلا رنگ کر دیجیے۔

پیلی پنکھڑیوں کو گن کر خالی جگہ میں لکھیے۔

کل پنکھڑیاں شمار کر کے تعداد لکھیے۔

جن پنکھڑیوں میں رنگ نہ دیا گیا ہو ان کی تعداد لکھیے۔

۲۔ نیچے کی سطر میں نون غنہ استعمال کر کے پڑھیے اور لکھیے۔

اما ---- روٹی پکاتی ہیں۔

## ۳۔ اس کہانی کو زبانی سنائیے۔



سونڈ



بندر



کیلا

## ۴۔ (الف) تصویر دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے۔



____ ھا



چا ____

## (ب) تصویر دیکھ کر لکھیے اور پڑھیے:



____ آیا



____ ہلایا

۵۔



اپنے گھر کی چوڑائی کو اپنے قدموں سے ناپیے۔

گھر میں اپنی ماں کے ساتھ مل کر ایک ساڑی کو اپنے ہاتھ سے ناپیے۔ ایک چھڑی سے اپنی جماعت کے کمرے کی لمبائی اور چوڑائی ناپیے۔ باغیچے کی چوڑائی، ایک ۲ ہاتھ والی لمبی چھڑی سے ناپیے۔ کتاب کے ورق کو ربر سے ناپیے۔

۶۔ نیچے دیے گیے پھلوں میں جو کھٹے لگتے ہیں انہیں نیلے رنگ کی لکیروں سے اور جو میٹھے لگتے ہیں انہیں لال رنگ کی لکیروں سے زبان کی تصویر کے ساتھ ملائیے۔





املی آم سنترہ لیموں کیلا

# چوہا راجا



چوہے نے دی دعوت سب کو
مینا توتا گجرا لائے
ڈھول بجاتی آئی ہرنی
شیر کے پیچھے چیتا آیا
ہاتھی سونڈ ہلاتا آیا
اک اک کر کے سارے آئے

آخر میں اک بلّی آئی
میاؤں میاؤں کرتی آئی
تاک کے اس نے پنجا مارا
چوہے پر اک جھپٹا مارا
چوہا تڑپا ، بلّی بولی
اور نہ کرنا دعوت سب کی

# مشق

ا۔ تصویر دیکھ کر پڑھیے:



زیادہ



کم



مولی



بانسری



مور



چوہا

۲۔ نیچے دیے گیے حروف کے آخر میں ’’ت‘‘ لگا کر الفاظ بنائیے۔

د ع و ☐ ن ف ر ☐ ال ف ☐

۳۔ آئیے آموں کو ملا کر کھائیں اور گن کر لکھیں:

(الف) راجو اور ہیرا کے آم مل کر کتنے ہوئے؟ ☐

(ب) ہیرا اور رحیم کے آم مل کر کتنے ہوئے؟ ☐

(ج) رحیم اور کریم کے آم مل کر کتنے ہوئے؟ ☐

(د) راجو اور کریم کے آم مل کر کتنے ہوئے؟ ☐



سبق ۲۱:

# بھاگو بھاگو، زمین پھٹ گئی ہے

ایک گیدڑ جنگل میں گھوم رہا تھا۔ گھومتے گھومتے بیل کے درخت کے پاس پہنچا۔ ایک زوردار "ٹھو" کی آواز آئی۔ وہ ڈر کر ایک طرف دوڑتا چلا گیا۔ راستے میں خرگوش نے پوچھا، کیا ہوا؟

UALYM4



بھاگو، بھاگو، زمین پھٹ گئی ہے۔ پھر وہ دونوں آگے پیچھے ہو کر دوڑنے لگے۔ ہرن نے پوچھا، کیا ہوا؟ کیوں دوڑ رہے ہو؟ بھاگو، بھاگو زمین پھٹ گئی ہے۔ اسی طرح ایک ایک کر کے جنگل کے بہت سارے جانور، بھاگو بھاگو زمین پھٹ گئی ہے.....

چلاتے ہوئے دوڑ میں شامل ہو گیے۔ جانوروں کو دوڑتا ہوا دیکھ کر جنگل کے بادشاہ شیر نے پوچھا ''کیا ہو گیا ہے؟'' سبھوں نے ایک ساتھ مل کر کہا، زمین پھٹ گئی ہے۔ شیر کو معلوم ہوا کہ یہ خبر گیدڑ نے دی تھی۔ اسے شک ہوا کہ یہ خبر ضرور جھوٹی ہے۔ اس نے کہا، چلو دیکھتے ہیں معاملہ کیا ہے لیکن بادشاہ کے ساتھ جانے کے لیے کوئی راضی نہیں ہوا۔



بادشاہ کے حکم سے ہاتھی، گیدڑ کو لے کر بیل کے پیڑ کے پاس گیا۔ دیکھا کہ بیل دو ٹکڑے ہو کر زمین پر پڑا تھا۔



# مشق

۱۔ نیچے دی گئی خالی جگہوں میں تصویروں کے نام لکھیے:



۲۔ نیچے دی گئی جانوروں کی تصویروں میں سے جو جانور پالتو ہیں انہیں گھر کے نقشے کے ساتھ لکیر کھینچ کر ملائیے۔



## ۳۔ کہیے! ۱۰ روپے میں کون کون سی چیزیں خریدی جا سکتی ہیں؟


۳ روپے


۳ روپے


۲ روپے


۱ روپیہ


۴ روپے


۹ روپے


۲ روپے

## ۴۔ گن کر خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

 [ ۹ ] +  [ ٧ ] = [ ]

 [ ] +  [ ] = [ ]

 [ ] +  [ ] = [ ]

## ۵۔ ملائیے اور کل عدد لکھیے

| | |
|---|---|
| ٦ + ۵ = [ ] | ٦ + ۴ = [ ] |
| ۵ + ٧ = [ ] | ۸ + ۳ = [ ] |
| ٧ + ۳ = [ ] | ۹ + ٧ = [ ] |
| ۸ + ۸ = [ ] | ٦ + ٦ = [ ] |

# کرکٹ کا کھیل

سبق:۲۲



وسیم اور نسیم دو دوست تھے۔ نسیم، وسیم کے گھر گھومنے آیا۔ چوتھے پر توا چڑھا کر وسیم کی اماں نے آملیٹ تیار کیا۔ وسیم اور نسیم خوشی خوشی کھانے لگے۔ کھانے کے بعد نسیم نے کہا! وسیم، چلو باہر چلیں، ہوا خوری کریں، میدان میں کرکٹ کھلیں۔ دونوں وکٹ اور بلّے لے کر نکل گیے۔



نسیم نے گیند پھینکی۔ وسیم کے وکٹ سے گیند ٹکرائی۔ وکٹ اوپر اڑ گیا اور ہوا میں اڑتا گیا۔ وسیم اور نسیم گانے لگے:

آجا آجا نیچے آجا رے وکٹ
وسیم اور نسیم کھیلیں گے کرکٹ



# مشق

۱۔تصویر دیکھ کر پڑھیے:









توا　　وکٹ　　تلوار　　فوجی

۲۔ نیچے دیے گیے الفاظ میں سے جن میں ''تشدید'' کا استعمال ہوا ہے انہیں پھول کی تصویر کے ساتھ لکیر سے ملائیے۔

پچھم　　اتر　　دکھن

پورب　　حرام



کچا

غصہ　　بزرگ





۳۔(الف) ☐ چوہے کھا رہی ہے۔

(ب) ☐ پیار کرتی ہیں۔

۴۔ نقطوں کو جوڑ کر دیکھیے کیا بنتا ہے۔



۵۔ تصویر دیکھ کر پورا جملہ نیچے دیے گیے خانوں میں لکھیے۔

ہوا میں

اڑنے لگا۔



یہ کرکٹ کا

ہے۔

۶۔ نیچے دیے گیے الفاظ میں سے جن میں ''ک'' اور ''ٹ'' ہے ان میں دائرے بنائیے۔

تارا کرکٹ وکٹ پتا لاکٹ راکٹ

لکھیے۔

کرکٹ کرکٹ

وکٹ وکٹ

لاکٹ لاکٹ

۷۔ نیچے دیے گیے الفاظ میں سے جن میں ''ی'' اور ''م'' کی ملاوٹ ہے انہیں بچے کی تصویر کے ساتھ لکیر سے ملائیے اور نیچے لکھیے۔




۸۔ پڑھیے اور لکھیے:



جھول رے ہاتھی جھول
بھوسی چوکڑ کھا کے پھول

سبق ۲۳:

# بگلا اور گیدڑ

UB5QQE

پھر گلے میں ایک کانٹا پھنس گیا
کھانا پینا ہو گیا دشوار جب
منہ کو پھاڑے چل پڑے گیدڑ میاں
ایک پاؤں پر کھڑے تھے وید جی
چونچ سے کانٹے کو پکڑا زور سے
کھینچ کر باہر جو پھینکا
ہو کے خوش گیدڑ میاں چلّا اٹھے
ہوکی ہو ہو ہوکی ہو



# مشق

ا۔ جس طرح پھول کی تصویر میں دیے گیے حروف کو ملا کر لفظ ''مکان'' بنا ہے اسی طرح آپ بھی نیچے دیے گیے حروف کو ملا کر لفظ بنایئے اور خالی خانوں میں لکھیے۔




مکان

د+ک+ا+ن = ______ ک+ت+ا+ب = ______

ج+و+ا+ب = ______ س+و+ا+ل = ______

ص+و+ر+ت = ______ ع+و+ر+ت = ______

ز+ح+م+ت = ______ ر+س+و+ل = ______

ح+س+ا+ب = ______

## ۲۔خالی خانوں کو پر کیجیے۔اور پڑھیے۔







سبق: ۲۴

# اتنا بڑا!

ایک ہاتھی آیا۔ راجو اور بندر نے اسے دیکھا اور کھانے کے لیے اسے ایک تربوز دیا۔ ہاتھی کہنے لگا۔ میں اسے لے کر کیا کروں گا؟'' ہمارے علاقے کا آنولا تو اس سے بڑا ہوتا ہے۔

UBELS2



# مشق

ا۔ پڑھیے



چہرا



کنول



بھونرا



شیر



ہنس

۲۔ پڑھیے اور لکھیے:

چمن ہرن وطن کرن نیک ایک چمک دمک

۳۔ نیچے دیے گیے حرفوں میں ''و'' لگا کر الفاظ بنائیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جا | کھا | لا | منا | سنا | دکھا | پلا |

۴۔ پڑھے گیے سبق ''اتنا بڑا'' کے حوالے سے نیچے دیے ہوے جملوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

ایک.......آیا۔ راجو اور......نے اسے دیکھا۔ کھانے کے لیے انہوں نے اسے ایک.......دیا۔......کہنے لگا ''میں اسے لے کر کیا کروں گا؟'' ہمارے علاقے کا......تو اس سے بڑا ہوتا ہے۔

۵۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ۱۰ | | | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ |
| ۲۰ | ۲ | | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ |
| | ۳۱ | | ۳۳ | | | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ |
| | | | | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | | ۴۸ | |
| ۵۰ | | | | | ۵۵ | | | | ۵۹ |
| ۶۰ | ۶۱ | | ۶۳ | ۶۴ | | | | ۶۸ | ۶۹ |
| | ۷۱ | | ۷۳ | ۷۴ | | | | ۷۸ | |
| ۸۰ | | | | | ۸۵ | | | ۸۸ | |
| | ۹۱ | | | | | ۹۶ | | | |

سبق ۲۵

# بلی کی پریشانی

سراج، صادق کا بیٹا ہے۔ صادق کھیتی باڑی کرتا ہے۔ سراج اپنے باپ کی مدد کرتا ہے۔ ایک رات کو سراج اناج کی دیکھ بھال کر رہا تھا۔ اس کے قریب ایک کھمبے پر ایک لالٹین جل رہا تھا۔ اس نے اناج کے قریب ایک پنجرا رکھ دیا۔ اور لالٹین ہاتھ میں لیے گھر لوٹ آیا۔

UBNHTP



ایک چوہا اناج کھانے کے لیے آیا اور پنجرے میں پھنس گیا۔ایک بلی نے پنجرے کے اندر چوہے کو دیکھا۔وہ چوہے کو کھانے کا ارادہ کرنے لگی۔پنجرے کے کواڑ کے نیچے تھوڑی سی جگہ کھلی تھی۔



بلی نے اسی خالی جگہ کے اندر اپنا ناخن دھیرے دھیرے داخل کیا۔ اس کے بعد دونوں پاؤں سے کواڑ کو اٹھا دیا۔بلی نے پنجرے کے اندر اپنا سر داخل کیا۔اسی دوران چوہا باہر نکل بھاگا۔بلی کا سر پنجرے کے اندر رہ گیا۔

# مشق

ا۔تصویر دیکھ کر پڑھیے :



فوجی　　لالٹین　　پنجرا　　جو

۲۔کس راستے سے جا کر چوہا پنجرے کے اندر بند ہو جائے گا۔



۳۔سبق ''بلی کی پریشانی'' کے حوالے سے نیچے دیے ہوئے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

سراج .......کا بیٹا ہے۔صادق .....کرتا ہے۔سراج اپنے باپ کی .....کرتا ہے۔ایک رات سراج اناج کی ......کر رہا تھا۔اس کے قریب ایک کھمبے میں ایک ......جل رہا تھا۔

## ۴۔ پھلوں کو شمار کر کے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔




(الف) کس پھل کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟

(ب) کس پھل کی تعداد سب سے کم ہے؟

## ۵۔ ٹیبل دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| عدد | سب سے بڑا عدد | سب سے چھوٹا عدد |
|---|---|---|
| ۱، ۲، ۳، ۴، ۷، ۹ | | |
| ۱۰، ۲۰، ۷۰، ۱۰۰ | | |
| ۴۷، ۴۹، ۴۱، ۳۵ | | |
| ۹۹، ۷۷، ۶۶، ۴۴ | | |
| ۸۰، ۹۰، ۶۰، ۵۰ | | |

UBXDVC

# مینڈکی رانی

## سبق ۲۶:

گرگٹ نے مُڑ مُڑ کر دیکھا
ڈالی ڈالی اچھلا، کودا
نیچے بیٹھی مینڈکی رانی
ٹرّاتی ہے پانی پانی
پھل اک تازہ اُس نے پایا
اور اس کو جب کھانا چاہا

گرگٹ نے للکارا اس کو
خوف دِلا کر روکا اس کو
ڈال سے کودا نیچے آیا
اور اس نے مینڈک کو ڈھونڈا
اس نے دیکھا جل تھل پانی
دور بہت تھی مینڈکی رانی



# مشق

۱۔ تصویر دیکھ کر پڑھیے:



کشتی



مینڈک



گھوڑا



بھنڈی



گینڈا



انگور



گلہری



گرگٹ

۲۔ ''ن'' اور ''گ'' لگا کر چار الفاظ بنائیے۔

جیسے: رنگ ، جنگ ، ______ ______ ______ ______

۳۔ نیچے لکھے گیے ناموں میں سے جن کا تعلق خشکی سے ہے اور جن کا تعلق پانی سے ہے ان الفاظ کو لکیر کے ذریعے پانی یا جنگل کے نقشے سے جوڑیے۔

سانپ

بندر شیر کتا بلی

گرگٹ

مینڈک گینڈا

کیکڑا ہاتھی مچھلی





سبق ۲۷:

# پنجرے کے اندر توتا

مرغ نے بانگ دی۔ صبح ہوئی۔ چُنی اور منی بستر سے اٹھیں۔ چُنی نے منہ ہاتھ دھویا۔ منی پنجرے کے پاس گئی۔ توتے کو سلام کیا۔





توتا پنجرے میں منہ چھپائے رہا۔

منی نے کہا، کیا تم میرے ساتھ بات نہیں کرو گے ؟

توتے نے کہا، نہیں، بالکل نہیں۔

منی: کیوں؟ کیا ہوا؟

توتا: تم نے منہ نہیں دھویا ہے۔ تمہارے دانت بھی گندے ہیں۔ بدبو آ رہی ہے ۔

منی: ٹھیک ہے۔ میں جاتی ہوں منہ ہاتھ دھو کر آؤں گی۔ آ نے سے بات کریں گے۔



سبق: ۲۸

# دوڑ دھما دھم



اک چوہا اک چوہیا
اک کتا، اک کتیا
اک تھالی اک بیگن
اک چوڑی اک کنگن
اک ہاتھی اک ہتھنی
اک انجن اک لاری
سب سے پہلے پہنچے تم

اک بلا اک بلی
اک گھوڑا اک گاڑی
اک آلو اک شلغم
اک چھکڑا اک ٹم ٹم
اک کرتا اک ساری
سب نے مل کر دوڑ لگائی
تم کا مطلب یعنی ہم









دوڑ دھما دھم دوڑ دھما دھم

UK71R5











# مشق

ا۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:





☆ اک تھالی اک .........

☆ اک .......اک ساری

☆ سب سے پہلے پہنچے........

☆ تم کا مطلب یعنی.......





ا۔ تصویر دیکھ کر پڑھیے:



پنجرا



بیج



انجن

۳۔کس کس راستے سے گیدڑ اور خرگوش جائیں گے لکیر کھینچ کر دکھائیے۔

